نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور14 اکتوبر2022: گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت پنجاب کے نہری اور بارانی علاقوں میں نمائشی پلاٹ کی کاشت کے لئے محکمہ زراعت نے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کر لی ہیں۔اس ضمن میں نہری علاقوں کے ایسے مرد وخواتین کاشتکار جو5 سے 12.5 ایکڑ تک اور بارانی علاقوں میں 25 ایکڑ تک قابلِ کاشت کے مالک ہوں درخواست دینے کا اہل ہوں گے۔حکومت پنجاب کی جانب سے ایک ایکڑ نمائشی پلاٹ کے اخراجات 11 ہزار روپے فراہم کئے جائیں گے۔قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکار محکمہ زراعت کی سفارشات کے مطابق پلاٹ کاشت کرنے کے پابند ہوں گے۔نمائشی پلاٹ کے لئے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں۔خواہشمند کاشتکار درخواست فارم متعلقہ زراعت آفیسر (توسیع) اوراسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ یہ فارم محکمہ زراعت کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے بھی ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔مکمل درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **20 اکتوبر 2022** تک وصول کی جائیں گی۔مزید معلومات کیلئے کاشتکار زرعی ہیلپ لائن کے نمبر **0800-17000** پر بروز سوموار تا جمعہ دفتری اوقات میں کال کر سکتے ہیں

☆☆☆☆